بہترین سماجی تصویر

شریمان ستیہ وادی

श्रीमान सत्यवादी

اداکاران

راجکپور۔ شکیلہ

محمود۔ نذیر حسین

رادھاکشن

قیمت ۱ر

زنن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

گانا نمبر ۱ — فنکار: سلیمان، متنیہ داؤدی

رُت البیلی مست سماں ۔ ساتھ حسین ہر بات جواں
ہوا کا آنچل ۔ لہرائے چنچل
دھیرے دھیرے گائے من ، تیری قسم
رُت البیلی مست سماں ۔۔
ان مچلتے پانیوں میں من ۔ گنگناتے ساحلوں کی دھن
رُت حسین ہے ہم جواں ، ہائے توبہ
نازنین جو کوئی ہنس پڑی ۔ موتیوں کی کھل گئی لڑی
لاجواب ہے ، یہ شباب ، ہائے توبہ
ریشمی نظر ، پڑ گئی جدھر ، کھل گئی دنیا
رُت البیلی مست سماں ...
یہ کل نہ دیکھے کہیں ۔ آسماں کو چوم لے زمیں
کیا خیال ہے بے مثال ہائے توبہ
آرزو لئے نگاہ میں ۔ منزلیں بلائیں راہ میں
انتظار میں ، بے قرار ، ہائے توبہ
خواب تو نہیں یہ زمیں کہیں
خوب ہے یہ دنیا
رُت البیلی مست سماں ...

محمود:۔ اک بات کہوں واللہ ۔ یہ حسن سبحان اللہ
جب نام لیا ۔ دل تھام لیا ۔ کہو کیسی کہی
شکیلہ:۔ بس تم نے قدر کی ہے ۔ کیا خوب نظر کی ہے
دلدار ملے تو ایسا ملے ۔ کیا بات کہی
راجکپور:۔ البیلوں کو ملے جتنے ۔ یہ تم کو ملے جیسے
جب عشق نہیں ۔ تو کچھ بھی نہیں
کہو کیسی رہی
شکیلہ:۔ دنیا میں حسین نہ ہوتے
محمود:۔ جی ہم بھی کہیں نہ ہوتے
راجکپور:۔ ہم سے بچے تمہاری شوخی
کیا ہوتا ہمیں نہ ہوتے
محمود:۔ ہم ناز اٹھاتے ہیں ۔ روٹھو تو مناتے ہیں
راجکپور:۔ جب عشق نہیں تو کچھ بھی نہیں
کہو کیسی رہی
شکیلہ:۔ یہ روپ ہے تو یہ رنگ ہیں
محمود:۔ جینے کے بھی تو ڈھنگ ہیں
راجکپور:۔ جی آپ کے ہاتھوں ہی تو
یہ مرد بچارے تنگ ہیں
محمود:۔ یہ ترچھی نظر قاتل ۔ ہم ہو تو جواں ہے دل
راجکپور:۔ جب عشق نہیں تو کچھ بھی نہیں ۔ کہو کیسی رہی

شکلا:۔ ہم نہ تو ڈھونڈ کتے بخوبی دل
کہو کیسی رہی

(۳)

اے دِل دیکھے ہیں ہم نے بڑے بڑے سنگدل
منزل ملی جو ہم کو بدل گئی محفل ۔ اے دِل ۔
کتنی عجیب ہے دیکھو دُنیا بیگانی
پتھر کو ہیرا بولے دُنیا دیوانی
سچا کبھی نہ ہارا ۔ چمکا زمیں کا تارا
سُن لو یہ کہنا ہمارا ۔ اے دِل ۔
دِل کی نظر سے دیکھو اپنوں کو جانو
غیروں کی باتیں چھوڑو خود کو پہچانو
دِل میں سمانا سیکھو ۔ سینوں میں آنا سیکھو
اپنا بنانا سیکھو ۔ اے دِل ۔

(۴)

لڑکی:۔ بھیگی ہواؤں میں ۔ تیری اداؤں میں
کیسی بہار ہے ۔ کیسا خمار ہے
جھوم، جھوم، جھوم ۔ لے لے مزا

دِل کو سنبھالنا۔ بھولا شباب ہے
یعنی نگاہ کا۔ عبادت خراب ہے

لڑکی:۔
دِل کو اُمید ہے ایسی جناب سے
رِشتہ بہار کا۔ جیسے گلاب سے
بھیگی ہواؤں میں۔ تیری اداؤں نے

لڑکا:۔
اُٹھ کے نہ جایئے اِتنے قریب سے
پایا ہے پیار نے تم کو نصیب سے

لڑکی:۔ خوابوں میں آپ کو، دیکھا تھا غور سے
نِکلے ہو دور ہی، لگتے مجھے اور سے

لڑکا:۔
ہم بھی دیوانے ہے ہم بھی دیوانے ہے
ملتے ہیں پیار میں چنچل بہار میں
سُن مُن سُن ذرا آجا
جھوم جھوم جھوم لے لے مزا
سُن مُن سُن ذرا آجا

(۵)

رنگ رنگیلی بوتل کا دیکھو جادو
کالا بنے گا گورا۔ بوڑھا بنے گا چھورا
چھورا بنے گا گورا گورا

نورات کی ہے رانی ۔ رانی رانی ۔ اے ماں
نورات کی ہے رانی
ہے تجھ پہ جوانی ۔ جوانی مستانی
اسی کی، اسی کی، اسی کی مہربانی ۔ رنگ رنگیلی ۔
حسینہ جو لگائے ۔ تو بجلی گرائے
دل والے دل تھامے آہیں بھریں
منور سے دل والو، جو گالوں پہ لگا لو
جھکی جھکی جھکی آنکھوں والے بیچا کریں
لے آزما ، میری دعا
مارا مارا تو یوں کیوں پھرے ۔ رنگ رنگیلے ۔۔
ہے اپنا یہ کہنا ۔ حسینوں کا یہ گہنا
دیکھو دیکھو میرا جادو مہرباں
چاند پہ جانے والے ، چاند پہ داغ کالے
بے حیا پیارے، لے جا اسے تو وہاں
داغ جتا کر دے صفا ۔ چاند ہو گا تیرے پھر تیرے
رنگ رنگیلی تو لی ۔۔۔

(۶)

کیوں اڑا جاتا ہے آنچل ۔ کیوں نظر شرما رہی ہے
مجھ کو منانے لگے ۔ کرنے بہانے لگے
روٹھی رہی میں ۔ روٹھی رہی
میں نے چھپائی نظر ۔ باتیں بنائیں مگر

کہہ نہ سکی میں رکھ نہ سکی ۔ کیوں اُڑا جانا ۔
بہکی ادائیں لائی ۔ نائی نائی بہاریں لائی
میلی نظر وہ میلی نظر
دِل میں چھپالو ذرا ۔ سینے سجالو ذرا
جانِ جگر او جانِ جگر ۔ کیوں اُڑا جانا ۔

(۷)

حالِ دل ہمارا، جانے نہ، بیوفا یہ زمانہ زمانہ
سُنو دُنیا والو، آئے گا لوٹ کر دن سُہانا سُہانا
حالِ دِل ہمارا ۔
ایک دن دُنیا بدل کر راستے پر آئے گی
آج ٹھکراتی ہے ہمکو کل مگر شرمائے گی
بات کو تم مان لو، ارے جان لو بھیّا ۔ حالِ دِل ۔
داغ ہیں دِل پر ہزاروں ہم تو پھر بھی شاد ہیں
اس کے دیپک جلائے دیکھ لو آباد ہیں
تیرہ دُنیا کے سبھی بیر خوش رہے بھیّا ۔ حالِ دِل ۔
جھوٹ کی منزل پہ یارو، ہم نہ ہرگز جائیں گے
ہم زمین کی خاک سہی، آسماں پر چھا جائیں گے
کیوں بھیلا دب کر رہیں ڈرتے نہیں بھیّا
حالِ دِل ۔

ختم شُد

برادران اسلام کیلئے ایمان کو بڑھانیوالی مذہبی کتابیں

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین	1/-/-	شہادت نامہ کلاں	-/6/-
مجموعہ شہادت	-/12/-	،، ،، خورد	-/3/-
سیدہ کا لال	2/-/-	مجموعہ مرثیہ و نوحہ جات	1/-/-
آمنہ کا لال	1/-/-	شہیدان کربلا	1/-/-
فاطمہ کا لال	2/-/-	جنگ نامہ کربلا	1/-/-
فاطمہ کا چاند	2/-/-	جنگ نامہ حضرت علی	-/12/-
جنگ نامہ ریتیوں محمد حنیف	-/8/-	سیدہ کی بیٹی	2/8/-
جنگ نامہ نوران	-/8/-	روایت شیریں	-/5/-
جنگ نامہ خیبر	-/6/-	پیام صغرا	-/3/-

میلاد کی کتابیں

میلاد شریف اکبر	1/-/-	مولود بہار ولادت	-/8/-
میلاد شریف گوہر	1/-/-	میلاد بہار سعیدی	-/8/-
میلاد شریف نفیس	-/12/-	زیور ایمان	1/4/-
میلاد شریف شہید	-/12/-	میلاد بہار مجلد	-/12/-

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی